**11.12.2025**

**13.50 Hrs**

**HL-OPENNING**

آداب

یہ آکاشوانی ہے

خبروں کے ساتھ میں ........................ اسعداللہ

**Music**

---

☆ راجیہ سبھا میں قومی گیت وَندے ماترم کی 150 ویں سالگرہ پر آج پھر بحث شروع ہوئی۔ مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کہا ہے کہ وندے ماترم ملک کی روح کو بیدار کرنے کا ایک منتر ہے۔

☆ آج لوک سبھا میں مرکزی وزیر نتن گڈکری نے مطلع کیا کہ پیٹرول میں 20 فیصد ایتھنول کی آمیزش کے بعد بھارت کے کاربن ڈائی ایکسائڈ کے اخراج میں 736 لاکھ میٹرک ٹن کی کمی آئی ہے۔

☆ DGCA نے بڑے پیمانے پر پروازوں کے منسوخ ہونے اور اُن میں تاخیر کے تناظر میں اِنڈیگو کے سی ای او Pieter Elbers کو طلب کیا ہے۔

☆ اور کرکٹ میں، آج شام نیوچنڈی گڑھ میں بھارت اور جنوبی افریقہ کے درمیان دوسرا ٹی-ٹوینٹی میچ کھیلا جائے گا۔

---

**Music**

اب خبریں تفصیل سے............

**RS-VANDE MATARAM**

قومی گیت وندے ماترم کے ڈیڑھ سو سال پورے ہونے کے موقع پر راجیہ سبھا میں آج پھر بحث شروع ہوئی۔ مرکزی وزیرِ داخلہ امت شاہ نے منگل کو وندے ماترم پر بحث کی شروعات کی تھی۔ بحث کا اختتام کرتے ہوئے، ایوان کے رہنما اور مرکزی وزیر جے پی نڈا نے کہا کہ وندے ماترم کے منتر نے ملک کی روح کو جگایا اور ملک کی ثقافت کو اِس سے جوڑنے کا موقع بھی فراہم کیا۔ انہوں نے کہا کہ وندے ماترم کا گیت ہر ایک کیلئے باعثِ فیضان ہے اور یہ منتر اتحاد کے ساتھ ملک کو آگے بڑھا رہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ آزادی کی تحریک کے دوران اِس گیت نے کئی اہم تاریخی واقعات بھی دیکھے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ اِس گیت نے جدو جہدِ آزادی کے دوران ہر ایک کو توانائی بخشی۔ x

**LS-ETHANOL**

سڑک ٹرانسپورٹ اور شاہراہوں کے مرکزی وزیر نتن گڈکری نے کہا ہے کہ پیٹرول میں 20 فیصد ایتھنول کی آمیزش کے سبب بھارت کے کاربن ڈائی ایکسائڈ کے اخراج میں 736 لاکھ میٹرک ٹن کی کمی ہوئی ہے۔ آج لوک سبھا میں وقفہ سوالات کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دیتے ہوئے جناب گڈکری نے کہا کہ ایتھنول ماحول کیلئے سازگار ایندھن ہے اور یہ آلودگی کو کم کرتا ہے اور اس سے کسانوں کی آمدنی میں اضافے میں مدد ملتی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اس وقت بھارت سالانہ تقریباً 22 لاکھ کروڑ روپے کا زیر زمین ایندھن درآمد کررہا ہے۔ انہوں نے کہا کہ بھارت کو ایک ترقی یافتہ ملک بننے کیلئے زیر زمین ایندھن کے ذرائع پر اپنے درآمدتی خرچ کو کم کرنا ہوگا۔

**S/B Nitin Gadkari**

**RS-DIGITAL ADDRESS SYSTEM**

سرکار نے کہا ہے کہ وہ ملک میں ڈیجیٹل ایڈریس نظام پر کام کررہی ہے۔ مواصلات کے وزیرِ مملکت چندر شیکھر Pemmasani نے آج راجیہ سبھا میں سوالوں کے وقفے میں یہ جانکاری دی۔ انہوں نے کہا کہ اِس منفرد نظام میں کوئی بھی شخص اپنا ایڈریس شامل کرا سکے گا اور اس میں ردّ و بدل بھی ہوسکے گا۔ انہوں نے کہا کہ اِس نظام میں رازداری کا بھی خیال رکھا جارہا ہے اور اِسے استعمال کرنے والے کا پورا کنٹرول ہوگا۔ جناب Pemmasani نے کہا کہ مستقبل کیلئے ایک نظریہ پیش کیا گیا ہے اور ان کی وزارت نے یہ تجویز اخراجات کے محکمے کو بھیجی ہے۔ انہوں نے کہا کہ اِس کی منظوری ملنے کے بعد اِسے پورے ملک میں نافذ کیا جائے گا۔x

**RAJYA SABHA DEEPAWALI**

آج راجیہ سبھا نے دیپاولی کو یونیسکو کے اہم ثقافتی وِرثے کی فہرست میں شامل کئے جانے کی ستائش کی۔ راجیہ سبھا کے صدرنشیں سی پی رادھا کرشنن نے کہا ہے کہ یہ لمحہ ملک کیلئے باعث فخر ہے۔ انہوں نے کہا کہ یہ محض ایک تہوار نہیں بلکہ اندھیرے پر روشنی اور لاعلمی پر علم کی فتح کی علامت ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ بھارت کی 16 ویں شمولیت سے ملک میں جشن کا ماحول ہے۔ انہوں نے امید ظاہر کی کہ اس حصولیابی سے لوگوں کو اس کے تحفظ اور فروغ کی خاطر تحریک حاصل ہوگی اور وہ ایک نئے عہد کے ساتھ ملک کی مالا مال وراثت اور روایت کا جشن منائیں گے۔

**S/B Shairman CP Radha Krishanan**

روشنیوں کے تہوار دیپاولی کو 8 سے 13 دسمبر 2025 کے دوران نئی دلّی کے لال قلعہ میں یونیسکو کی 20ویں بین حکومتی کمیٹی کے اجلاس میں یونیسکو کے معروف ثقافتی ورثے کی فہرست میں شامل کئے جانے کا اعلان کیا گیا تھا۔ اس فہرست میں یہ

16 واں بھارتی عنصر ہے۔ وزیراعظم نریندر مودی نے دیوالی کو یونیسکو کی جانب سے شامل کئے جانے کا یہ کہتے ہوئے خیر مقدم کیا ہے کہ روشنیوں کا یہ تہوار بھارتی ثقافت اور جذبات سے وابستہ ہے اور یہ ہماری تہذیب کی روح کی عکاسی کرتا ہے۔×

**JOSHI HYDROGEN CAR**

مرکزی وزیر پرہلاد جوشی ملک میں گرین انرجی کو فروغ دینے کی خاطر گرین ہائیڈروجن سے چلنے والی کار میں پارلیمنٹ پہنچے۔ بعد میں نامہ نگاروں سے گفتگو کرتے ہوئے انہوں نے کہا کہ وزیرِ اعظم نریندر مودی کی قیادت میں گرین ہائیڈروجن کو بڑھاوا دینے کی خاطر ایک تحریک شروع کی گئی ہے۔ جناب جوشی نے یہ بھی کہا کہ اِس سلسلے میں گرین ہائیڈروجن بنانے، قومی گرین ہائیڈروجن مشن اور دیگر اقدامات کا آغاز کیا گیا ہے۔ انہوں نے کہا کہ پیداوار سے وابستہ ترغیبی اسکیم کے توسط سے 24 ہزار کروڑ روپے مختص کئے گئے ہیں۔ x

**HM-SPEECH REACTION**

مرکزی وزیر ارجن رام میگھوال نے انتخابی اصلاحات سے متعلق لوک سبھا میں دیئے گئے وزیر داخلہ امت شاہ کے خطاب کی یہ کہتے ہوئے ستائش کی ہے کہ اُن کے خطاب کا ماحصل یہ ہے کہ جو لوگ بھارتی شہری نہیں ہیں، وہ ووٹ دینے کے حقدار نہیں ہوسکتے۔ BJP کے ممبر پارلیمنٹ دِنیش شرما نے کہا ہے کہ وزیر داخلہ امت شاہ نے انتخابی کمیشن اور تفصیلی نظرثانی مہم SIR کے متعلق اپوزیشن رہنماؤں کے ذریعہ پھیلائی جارہی غلط جانکاری کے متعلق شدید نکتہ چینی کی ہے۔ جناب شرما نے دیوالی کے تہوار کو خصوصی طور پر یونیسکو کی ثقافت کی فہرست میں شامل کئے جانے پر سرشاری کا بھی اظہار کیا ہے۔×

**LS- PURI ENERGY**

پیٹرولیم اور قدرتی گیس کے محکمے کے وزیر ہردیپ سنگھ پوری نے کہا ہے کہ توانائی معیشت کی شہ رَگ ہے اور بھارت میں توانائی کا استعمال تیزی سے بڑھتا جارہا ہے۔ وہ آج لوک سبھا میں سوالوں کے وقفے کے دوران ضمنی سوالوں کا جواب دے رہے تھے۔ توانائی سے متعلق بین الاقوامی ایجنسی نے تخمینہ لگایا ہے کہ اگلے 20 برسوں کے دوران عالمی توانائی کی لگ بھگ 35 فیصد مانگ بھارت کی طرف سے آئے گی کیونکہ بھارت کی معیشت تیزی سے ترقی کررہی ہے۔ وزیرِ موصوف نے ایوان کو بتایا کہ بھارت توانائی کی درآمد پر تقریباً 150 ارب ڈالر سالانہ خرچ کررہا ہے۔ وزیرِ موصوف نے کہا کہ جہاں تک توانائی کی قیمتوں کا تعلق ہے، یہ قیمتیں بیمے اور پیداوار کی لاگت، وزن اور ڈیلر کے منافعے کے پہلوؤں کو مدنظر رکھتے ہوئے طے کی جاتی ہیں۔

**SB - Hardeep Singh Puri**

**DGCA-INDGO**

شہری ہوا بازی سے متعلق ڈائریکٹوریٹ جنرل DGCA نے آج تیسرے پہر IndiGo کے سی ای او Pieter Elbers کو طلب کیا ہے۔ IndiGo کی پروازوں میں ملک بھر میں تاخیر ہونے اور اِن کی منسوخی کے پیشِ نظر DGCA نے CEO کو طلب کیا ہے۔ اِس سے پہلے شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نے IndiGo کی اعلیٰ انتظامیہ کے ساتھ صورتحال کو مستحکم کرنے کے اقدامات کا جائزہ لیا تھا۔ وزیرِ موصوف ملک بھر میں IndiGo کی پروازوں کے بارے میں جانکاری حاصل کرنے اور دیکھ بھال کیلئے وزارت کے کنٹرول روم بھی گئے تھے۔ جناب نائیڈو نے سوشل میڈیا پوسٹ پر کہا کہ مسافروں کی تکالیف اور پریشانیاں دور کرنے کیلئے حالات پر باقاعدگی سے نظر رکھی جارہی ہے۔ x

**RAM MOHAN-CONTROL ROOM**

شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے ملک بھر میں اِنڈیگو کے کام کاج کا جائزہ لینے کیلئے وزارت کے کنٹرول روم کا دورہ کیا۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر جناب نائیڈو نے کہا کہ مسافروں کی شکایات کے بروقت اِزالے کیلئے مستقل نگرانی رکھی جارہی ہے۔ انہوں نے مزید کہا کہ کنٹرول روم کی ٹیم جلد کارروائی میں سُدھار اور مسافروں کی تشویش کے موثر اِزالے کیلئے ہر ممکن کوشش کررہی ہے۔x

**TRIBUTE**

صدرِ جمہوریہ، وزیرِ اعظم اور دیگر رہنماؤں نے سابق صدر پرنب مکھرجی کو اُن کے یومِ پیدائش پر، انہیں خراجِ عقیدت پیش کیا ہے۔ صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو نے راشٹرپتی بھون میں سابق صدر پرنب مکھرجی کو گلہائے عقیدت نذر کئے۔ وزیرِ اعظم نریندر مودی نے بھی جناب پرنب مکھرجی کو، اُن کی یومِ پیدائش پر خراجِ عقیدت پیش کیا اور سوشل میڈیا پوسٹ پر، اُن کی ستائش کرتے ہوئے کہا کہ جناب مکھرجی ایک عظیم مدبر اور اسکالر تھے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ سابق صدر نے دَسیوں سال تک عوامی زندگی میں ملک کی شاندار خدمت انجام دی۔

ایک سوشل میڈیا پوسٹ پر مرکزی وزیرِ داخلہ جناب امت شاہ نے انہیں خراجِ عقیدت پیش کرتے ہوئے کہا کہ جناب مکھرجی کی زندگی اور اُن کا کام ملک کے جمہوری سفر کو تحریک دیتا رہے گا۔ وزیرِ داخلہ نے کہا کہ سابق صدر کو آئین کی زبردست جانکاری حاصل تھی۔ جناب مکھرجی بھارت کے 13ویں صدر تھے۔ x

**VP-PM-SUBRAMANIA BHARATI**

نائب صدر جمہوریہ سی پی رادھا کرشنن اور وزیراعظم نریندر مودی نے آنجہانی شاعر سبرامنیا بھارتی کو، آج اُن کے یوم

پیدائش پر خراج عقیدت پیش کیا ہے۔ سوشل میڈیا کی ایک پوسٹ پر نائب صدر نے کہا کہ سبرامنیا بھارتی نے حب الوطنی، مساوات اور انسانی وقار پر اپنی شاعری سے نسلوں کو بیدار کیا۔ وزیراعظم نریندر مودی نے کہا کہ سبرامنیا بھارتی کی شاعری نے ہمت وحوصلہ پیدا کیا اور اُن کے نظریات نے بے شمار لوگوں کے ذہنوں کو متاثر کیا۔ وزیراعظم نے مزید کہا کہ تمل ادب کی خاطر اُن کا تعاون ہمیشہ یاد کیا جائے گا۔×

**MEA GOA FIRE**

وزارتِ خارجہ **Gaurav Luthra** اور **Saurabh Luthra** کے پاسپورٹ منسوخ کرنے پر غور کررہی ہے۔ یہ دونوں گوا نائٹ کلب کے مالک ہیں۔ اِس نائٹ کلب میں آگ لگنے کے واقعے میں 25 افراد کی جانیں ضائع ہوگئی تھیں۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ وزارت کو گوا سرکار کی طرف سے **Gaurav Luthra** اور **Saurabh Luthra** کے سلسلے میں ایک مراسلہ ملا ہے۔ وزارت بھارت کے پاسپورٹ سے متعلق ضابطوں کے تحت، اِن دونوں کا پاسپورٹ ردّ کئے جانے کی درخواست پر غور کررہی ہے۔ x

**UNESCO RAM TEMPLE**

خارجہ اُمور کے مرکزی وزیرمملکت کیرتی وردھن سنگھ دیوالی کو یونیسکو کے اہم ثقافتی وِرثے کی نمائندہ فہرست میں شامل کئے جانے کے موقع پر کینیا میں تاریخی شری رام مندر میں تقریبات میں شامل ہوئے۔ 1919 میں تعمیر کیا گیا شری رام مندر بھارت اور کینیا کے درمیان مشترکہ تاریخی رشتوں اور بھارت کی ثقافتی میراث کی علامت ہے۔ اس موقع پر خطاب کرتے ہوئے وزیر موصوف نے کہا کہ وزیراعظم نریندر مودی کے زیر قیادت اس سنگ میل سے بھارت کی روایات کی عالمی سطح پر ستائش اور امن و ہم آہنگی کے پیغام کی عکاسی ہوتی ہے۔ وزیر موصوف 8 سے 12 دسمبر کے دوران ماحولیات سے متعلق اقوام متحدہ کی اسمبلی کے ساتویں اجلاس میں شرکت کیلئے کینیا میں ہیں۔×

**VENEZUELA TANKER SIEZE**

امریکہ نے وینیزوئیلا کے ساحل سے دور ایک تیل بردار جہاز کو قبضے میں لے لیا ہے، جبکہ صدر **Nicola Maduro** کی سرکار کے ساتھ کشیدگی بڑھ رہی ہے۔ صدر ٹرمپ نے وہائٹ ہاؤس میں نامہ نگاروں کو بتایا کہ ایک بڑے تیل بردار جہاز کو ٹھوس وجوہات کی بنا پر وینیزوئلا کے ساحل سے ضبط کیا گیا۔ اپنی شناخت ظاہر نہ کرنے کی شرط پر ایک امریکی اہلکار نے بتایا کہ ضبط کرنے کی کارروائی امریکی کوسٹ گارڈ کی زیر قیادت ہوئی، جس میں بحریہ کا تعاون حاصل تھا۔ ابھی یہ واضح نہیں ہے کہ یہ جہاز کس کی ملکیت ہے یا اِس کا تعلق کس ملک سے ہے۔

امریکہ نے گذشتہ دہائیوں میں اِس خطے میں سب سے مضبوط فوجی موجودگی قائم کی اور کیریبیائی سمندر نیز مشرقی بحرالکاہل میں مبینہ منشیات بردار جہازوں پر مہلک حملوں کے سلسلے کا آغاز کیا ہے۔×

## CRICKET-IND SA T-20

نیو چنڈی گڑھ کے Mullanpur میں واقع بین الاقوامی کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارت اور جنوبی افریقہ کی مردوں کی ٹیم کے درمیان آج دوسرا ٹی ٹوئنٹی میچ کھیلا جائے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق شام سات بجے شروع ہوگا۔x

## NATIONAL BOXING CHAMPION SHIP

مردوں اور خواتین کی قومی مکے بازی چمپئن شپ کی تاریخیں دوبارہ سے طے کی گئی ہیں۔ آلودگی پر کنٹرول سے متعلق سرکار کے اقدامات کے پیشِ نظر یہ تاریخیں بدلی گئی ہیں۔ اب یہ چمپئن شپ چار جنوری سے 10 جنوری تک ہوگی۔ پہلے یہ چمپئن شپ گریٹر نوئیڈا کے گوتم بدھ یونیورسٹی میں 31 دسمبر سے 6 جنوری تک ہونی تھی۔ بھارت کی مکے بازی سے متعلق فیڈریشن نے بتایا ہے کہ آلودگی پر کنٹرول سے متعلق سرکار کی جانب سے جاری اقدامات، اِس سال 31 دسمبر تک نافذ رہیں گے۔ اِسی لئے اِس کی تاریخ بدل کر چار جنوری سے 10 جنوری کردی گئی ہے۔ x

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆